اپنے حقوق کے بارے میں جانیں

# جنس کی بنیاد پر امتیازی سلوک

## OFCCP آپ کو جنس کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے بچاتا ہے

فیڈرل کنٹریکٹ کمپلائنس پروگرامز (OFCCP) کا دفتر ایگزیکٹو آرڈر 11246 کو نافذ کرتا ہے، جیسا کہ اس میں ترمیم کی گئی ہے، جو کہ وفاقی ٹھیکیداروں اور ذیلی ٹھیکیداروں کو ملازمین اور ملازمت کے درخواست دہندگان کے خلاف ان کی جنس کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنے سے روکتا ہے۔

### 1. جنس کی بنیاد پر امتیازی سلوک کیا ہے؟

ملازمت کا امتیازی سلوک عام طور پر وہاں موجود ہوتا ہے جہاں آجر آپ کے ساتھ، ملازم یا ملازمت کے درخواست دہندہ کی حیثیت سے، آپ کی جنس کی وجہ سے غیر موافق سلوک کرتا ہے۔ امتیازی سلوک وہاں بھی موجود ہوسکتا ہے جہاں آجر کی ظاہری طور پر نظر آنے والی منصفانہ پالیسیوں یا طریقہ کار کا ملازمین یا ملازمت کے درخواست دہندگان پر ان کی جنس کی وجہ سے نمایاں منفی اثر پڑتا ہے۔

### 2. کیا میرا آجر مجھے مختلف طریقے سے ادائیگی کر سکتا ہے یا مجھے اپنی جنس کی بنیاد پر مختلف اضافی مراعات فراہم کر سکتا ہے؟

نہیں۔ ٹھیکیدار آپ کو مختلف طریقے سے ادائیگی نہیں کرسکتے ہیں اور نہ ہی وہ آپ کو آپ کی جنس کی بنیاد پر مختلف اضافی مراعات فراہم کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، وہ آپ کی جنس کی وجہ سے اوور ٹائم کام، تربیت، یا اعلیٰ تنخواہ یا عہدوں کے مواقع سے انکار نہیں کرسکتے۔ اضافی مراعات میں طبی، اسپتال، حادثہ کی صورت میں مراعات، لائف انشورنس، اور ریٹائرمنٹ کے فوائد؛ منافع شیئر کرنا اور بونس کے پلان؛ چھٹی؛ اور ملازمت کی دیگر قواعد، شرائط اور مراعات شامل ہیں۔

### 3. کیا ٹھیکیدار جنسی دقیانوسی تصورات کی بنیاد پر ملازمین کے ساتھ مختلف سلوک کرسکتے ہیں؟

نہیں۔ ٹھیکیدار آپ کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کرنے کے لئے دقیانوسی تصورات کا استعمال نہیں کرسکتے ہیں اگر آپ اس سے متعلق توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہتے ہیں کہ خواتین یا مردوں کو کس طرح کا دکھائی دینا چاہیئے یا کام کرنا چاہیئے یا مردوں یا عورتوں کو کس طرح کی ملازمتیں کرنی چاہئیں۔

### 4. کیا دیکھ بھال کرنے والے جنسی بنیاد پر امتیازی سلوک سے محفوظ ہیں؟

جی ہاں۔ ٹھیکیدار دیکھ بھال کی ذمہ داریوں کی وجہ سے دقیانوسی مفروضات کی بنیاد پر آپ کے ساتھ مختلف سلوک نہیں کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ٹھیکیدار ماؤں کو اس ملازمت کے موقع سے انکار نہیں کرسکتے جو والد کے لئے دستیاب ہے یا والد کو آرام دہ کام کے ماحول سے انکار نہیں کرسکتے ہیں جو ماؤں کے لئے دستیاب ہے۔

### 5. کیا میرے آجر کا مجھے ملازمتوں اور ترقی کے مواقع تک مساوی رسائی فراہم کرنا ضروری ہے؟

جی ہاں۔ ٹھیکیداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ آپ کو ملازمتوں اور ترقی کے مواقع تک مساوی رسائی فراہم کریں۔ ایک ٹھیکیدار ان شرائط کو مقرر نہیں کرسکتا ہے جو جنس پر مبنی ہوں جب تک کہ ٹھیکیدار یہ ظاہر نہ کرے کہ ضروریات صرف مردوں کے ذریعہ یا صرف خواتین کے ذریعہ ہی پوری کی جاسکتی ہیں۔ مزید برآں، ایک ٹھیکیدار ایسی ضروریات کی مانگ نہیں کرسکتا جو درخواست دہندگان کو ان کی جنس کی وجہ سے منفی طور پر متاثر کرتی ہیں جب تک کہ وہ ضروریات ملازمت سے متعلقہ اور ضروری نہ ہوں۔ ٹھیکیدار جنسی بنیاد پر آپ کو ایسی تربیت، کام کی تفویض، یا ایسے دیگر ترقیاتی مواقع سے انکار نہیں کرسکتے ہیں جو اعلیٰ تنخواہ والے عہدوں اور ترقی کا باعث بن سکتے ہیں۔

### 6. کیا OFCCP مجھے ٹھیکیداروں کے ذریعہ ہونے والی جنسی ہراسانی سے بچاتا ہے؟

جی ہاں۔ جنسی ہراسانی بھی جنسی امتیاز کی ایک شکل ہے۔ OFCCP آپ کو ناپسندیدہ جنسی پیشرفت، جنسی امادگی کی درخواستوں، کسی شخص کی جنس کے بارے میں ناپسندیدہ تبصرے، اور جنس کی بنیاد پر دیگر ناپسندیدہ زبانی یا جسمانی طرز عمل سے بچاتا ہے۔ یہ طرز عمل ممنوع ہیں اگر یہ آپ کی ملازمت کی ٹرم یا شرط کے طور پر رکھے جائیں؛ یا جب اس طرح کے طرز عمل سے منع کرنے پر اس کو ملازمت سے متعلق فیصلے کی بنیاد بنایا جائے؛ یا جب اس طرح کا طرز عمل غیر معقول طور پر آپ کے کام کی کارکردگی میں مداخلت کرتا ہے یا یہ خوفزدہ، معاندانہ، یا جارحانہ کام کرنے کا ماحول پیدا کرتا ہے۔

### 7. OFCCP حاملہ خواتین اور نئی ماؤں کی حفاظت کیسے کرتا ہے؟

وفاقی ٹھیکیداروں کے درخواست دہندگان اور ملازمین کو حمل، بچے کی پیدائش، یا متعلقہ طبی حالات کی وجہ سے امتیازی سلوک، بشمول ملازمتوں، اجرتوں اور صحت کی دیکھ بھال کی کوریج کے نقصان سے محفوظ رکھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، ٹھیکیداروں کی طرف سے حمل، بچے کی پیدائش، یا متعلقہ طبی حالات کی وجہ سے کام کی جگہ پر ایسی سہولیات فراہم کرنا ضروری ہیں جیسا کہ بعض حالات میں وہ ٹھیکیدار دوسرے کارکنوں جیسے معذور افراد یا کام پر زخمی ہونے والے افراد کو سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

### 8. OFCCP ٹرانسجینڈر کارکنوں کی حفاظت کیسے کرتا ہے؟

ٹھیکیداروں کو جنسی شناخت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ ٹھیکیداروں کو ملازمین اور درخواست دہندگان کو ان کی جنسی شناخت کے ساتھ مطابقت رکھنے والے باتھ روم، کپڑے بدلنے والے کمرے، شاور، اور اسی طرح کی سہولیات کو استعمال کرنے کی اجازت دینا ضروری ہے۔ مزید برآں، ٹھیکیدار کے ذریعہ فراہم کردہ صحت کی دیکھ بھال کے فوائد کے منصوبوں کو جنسی شناخت یا ٹرانسجینڈر کی حیثیت کی بنیاد پر مہیا کرنے سے انکار نہیں کیا جاسکتا یا صحت کی دیکھ بھال کے تحفظ کو محدود نہیں کیا جاسکتا۔

OFFICE OF FEDERAL CONTRACT COMPLIANCE PROGRAMS
OFCCP
U.S. DEPARTMENT OF LABOR

200کانسٹیٹیوشن ایونیو این ڈبلیو | واشنگٹن, ڈی سی20210 | فون نمبر :1-800-397-6251| TTY: 1-877-889-5627 | www.dol.gov/ofccp

### 9. OFCCP کس کا تحفظ کرتا ہے؟

OFCCP وفاقی حکومت کے ساتھ کاروبار کرنے والی کمپنیوں کے ملازمین اور ملازمت کے درخواست دہندگان کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ اس میں بینکوں، انفارمیشن ٹیکنالوجی فرمز، گوشت کے پیکنگ پلانٹس، خوردہ اسٹورز، مینوفیکچرنگ پلانٹس، اکاؤنٹنگ فرمز، اور تعمیراتی کمپنیوں کے ملازمین شامل ہیں۔

### 10. اگر مجھے یقین ہے کہ میرے آجر نے میری جنس کی وجہ سے میرے ساتھ امتیازی سلوک کیا ہے تو میں کیا کروں؟

اگر آپ کو لگتا ہے کہ ملازمت میں، یا ملازمت کے لئے درخواست دینے کے دوران آپ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا گیا ہے تو، آپ OFCCP میں شکایت درج کر سکتے ہیں۔ آپ کو یقین کے ساتھ یہ جاننے کی ضرورت نہیں ہے کہ شکایت درج کرنے کے لئے آپ کا آجر ایک وفاقی ٹھیکیدار یا ذیلی ٹھیکیدار ہے۔

### 11. میں OFCCP کے ذریعے شکایت کیسے درج کر سکتا ہوں؟

آپ امتیازی سلوک کی شکایت اس کے ذریعے درج کروا سکتے ہیں:

- OFCCP کی ویب سائٹ کے ذریعہ آن لائن ایک فارم مکمل پُر کرنا اور جمع کروانا؛
- OFCCP کے دفتر میں ذاتی طور پر ایک فارم مکمل کرنا؛ یا
- میلنگ، ای میلنگ، یا OFCCP کے علاقائی دفتر میں ایک مکمل شدہ فارم فیکس کرنا جو اس جگہ کو واضح کرے جہاں مبینہ امتیازی سلوک ہوا۔

فارم http://www.dol. gov/ofccp/regs/compliance/pdf/pdfstart.htm پر آن لائن دستیاب ہے۔ اور OFCCP کے تمام دفاتر میں کاغذ کی شکل میں دستیاب ہے۔ اپنے قریب ترین دفتر کو تلاش کرنے کے لئے،

http://www.dol.gov/ofccp/contacts/ofnation2.htm. میں OFCCP دفاتر کی آن لائن فہرست ملاحظہ کریں۔

آپ کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ آپ نے اپنے مکمل شدہ شکایتی فارم پر دستخط کرنے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو، OFCCP پھر بھی آپ کی شکایت لے گا لیکن OFCCP کا تفتیش کار آپ سے فالو اَپ انٹرویو کے دوران فارم پر دستخط کرنے کے لئے کہے گا۔ نسل، رنگ، مذہب، جنس، جنسی رجحان، جنسی شناخت، یا قومیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا الزام عائد کرنے والی شکایات کو مبینہ امتیازی سلوک کی تاریخ سے 180 دن کے اندر اندر درج کیا جانا چاہئے، ماسوائے دائر کرنے کا وقت کسی اچھے مقصد کے لئے بڑھایا جائے۔ اسی طرح 180 دن کا ٹائم فریم ان شکایات پر بھی لاگو ہوتا ہے جن میں تنخواہ کے بارے میں تبادلہ خیال، انکشاف، یا پوچھ گچھ کے لئے امتیازی سلوک کا الزام لگایا گیا ہو۔

### 12. کیا میرا آجر میرے شکایت درج کروانے کی وجہ سے مجھ سے کم موافق سلوک، تنزلی یا ملازمت سے نکال سکتا ہے؟

جی نہیں۔ شکایت درج کرنے یا تحقیقات میں حصہ لینے پر آپ کے آجر کے لئے آپ کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا غیر قانونی ہے۔ OFCCP کے قواعد وضوابط آپ کو اپنے حقوق پر زور دینے کی صورت میں ہراساں کرنے، ڈرانے، دھمکانے، جبر، یا انتقامی کارروائی سے بچاتے ہیں۔

### 13. کیا میں OFCCP اور مساوی روزگار کے مواقع کے کمیشن (EEOC) دونوں کو امتیازی سلوک کی شکایت درج کروا سکتا ہوں؟

جی ہاں، اگر آپ OFCCP اور EEOC دونوں کے پاس شکایت درج کرتے ہیں تو، دونوں میں سے کسی ایک ایجنسی کی طرف سے آپ کی شکایت کی تحقیقات کی جائیں گی۔

OFCCP عام طور پر وفاقی ٹھیکیداروں کے خلاف درج کردہ ایسی شکایات رکھتا ہے جس میں کسی شخص کے جنسی رجحان یا جنسی شناخت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا الزام عائد کیا گیا ہو۔ OFCCP عام طور پر وفاقی ٹھیکیداروں کے خلاف درج کردہ ایسی شکایات بھی رکھتا ہے جہاں امتیازی سلوک کا ایک نمونہ نظر آتا ہے جو ملازمین یا درخواست دہندگان کے ایک گروپ کو متاثر کرتا ہو، اور جس میں معذوری؛ محفوظ فوجی سٹیٹس؛ یا تنخواہ کے بارے میں پوچھنے، تبادلہ خیال کرنے یا تنخواہ ظاہر کرنے کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا الزام عائد کیا گیا ہو۔

### 14. اگر یہ پتہ چلتا ہے کہ میں ملازمت کے امتیازی سلوک کا شکار تھا تو کیا ہو گا؟

آپ کسی ایسی تلافی کے حقدار ہو سکتے ہیں جو آپ کو اس پوزیشن میں رکھے جس میں آپ ہو سکتے تھے اگر آپ کے ساتھ کبھی امتیازی سلوک نہ ہوتا۔ آپ ملازمت پر رکھنے، ترقی دینے، بحال کرنے، یا دوبارہ تفویض کرنے کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ آپ پچھلی تنخواہ، اضافی تنخواہ، تنخواہ میں اضافہ یا ان تلافیوں کے کچھ مجموعہ کے بھی حقدار ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، اگر OFCCP کو پتہ چلتا ہے کہ وفاقی ٹھیکیدار یا ذیلی ٹھیکیدار امتیازی سلوک کرتا ہے تو، OFCCP مستقبل کے وفاقی معاہدوں کے لئے اس کمپنی پر غور و فکر روکنے یا اسے ہٹانے یا کمپنی کے موجودہ معاہدوں میں ترمیم کرنے یا انہیں منسوخ کرنے کی کوشش کر سکتا ہے۔


مزید معلومات کے لیے:

یو ایس ڈپارٹمنٹ آف لیبر

آفس آف فیڈرل کنٹریکٹ کمپلائنس پروگرامز

200 کانسٹیٹیوشن ایونیو، این ڈبلیو واشنگٹن، ڈی۔سی 20210

1-800-397-6251

TTY: 1-877-889-5627

www.dol.gov/ofccp



براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ حقائق کا گوشوارہ عام معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد اس میں بیان کردہ پروگرام کے بارے میں اصل قانون اور قواعد وضوابط کا متبادل ہونا نہیں ہے۔


OFFICE OF FEDERAL CONTRACT COMPLIANCE PROGRAMS
OFCCP
U.S. DEPARTMENT OF LABOR